دعائے
حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ
اردو ترجمے کے ساتھ
تألیف: محمد فرقان اللہ شاہ

## نام کتاب

دعائے حضرت علی رضہ اللہ تعالیٰ عنہ (دعائے الجوشن کبیر)

## اجازت دعا

مرشد شیخ الوظائف حکیم محمد طارق محمود چغتائی دامت برکاتہم العالیہ

## تالیف و ڈیزائن


محمد فرقان اللہ شاہ امداد


furqishah01@gmail.com

# دعائے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی وجہ تسمیہ

یہ وہ عظیم الشان دعا ہے جو اللہ جل جلالہ نے حضرت جبرائیلؑ علیہ السلام کے ذریعے اپنے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عطا کی تھی۔ حضرت موسی بن جعفر سلام اللہ سے روایت ہے: انہوں نے اپنے والد حضرت امام جعفر الصادق سلام اللہ ورضوانہ علیہ سے وہ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے اور وہ اپنے والد حضرت امام حسین سلام اللہ علیہ ورضوانہ علیہ سے سنا "حضرت حسین بن علی سلام اللہ علیہ ورضوانہ علیہ" نے فرمایا مفہوم ہے "میرے والد حضرت علی سلام اللہ ورضوانہ علیہ نے مجھ سے فرمایا: میرے بیٹے! کیا میں آپ کو کچھ ایسا سکھاؤں جو اللہ کے رازوں میں سے ایک راز ہے جو رسول اللہ نے مجھ سے فرمایا اور یہ ایک راز ہے جسے کوئی نہیں جانتا"۔ میں نے عرض کی جی! ابا جان مجھے سکھا دیجئے! آپ نے فرمایا: " غزوہ احد کا دن تھا جو ایک سخت مشقت اور موسم گرما کی وجہ سے سخت گرم دن تھا اور گرمی بھی دن کی گرمی اور زبردست گرمی تھی ۔ اس دن نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زرہ بکتر پہنے تھے جو وزن میں بھاری تھی جس کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دشواری کا سامنا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان حالات میں میں نے آسمان کی طرف دیکھا اور اللہ رب العزت سے دعا کی۔

جس کے بعد میں نے دیکھا جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں جبرائیل جو روشنی (نور) سے گھرے ہوئے تھے، میرے پاس آئے اور کہنے لگے: اللہ رب العزت نے آپ کو اپنا سلام اور درود بھیجا ہے اور فرمایا ہے کہ آپ ﷺ اپنی زرہ اتار کر یہ دعا پڑھیں مزید روایت میں آتا ہے کہ جبرائیل نے فرمایا ہیں آپ جب یہ دعا پڑھیں گے تو یہ دعا اللہ کے فضل سے آپ کو زیادہ تحفظ فراہم کرے گی۔اس کے بعد اللہ کے حبیب نبی کریم ﷺ نے حضرت جبرائیل سے پوچھا کیا یہ دعا صرف میرے لئے ہے یا میری امت کیلئے بھی ہے۔ اس پر حضرت جبرائیل نے جواب دیا " یہ دعا آپ ﷺ کے لیے اور آپ ﷺ کی امت کے لیے رب تعالی کی طرف سے تحفہ ہے۔ اللہ کے پیارے حبیب نبی کریم ﷺ پر قربان جائیں جو اس آزمائش کے عالم میں بھی امت کو نہیں بھولے۔اس دعا کا تعلق کسی خاص مسلک یا فرقہ سے نہیں بلکہ یہ دعا بہت سے اولیاء کرام کے معمول کا حصہ رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی دنیا میں بے شمار لوگ اس دعا کا اہتمام کر رہے ہیں جن میں عراق ایران شام کے علاوہ ترکی میں بھی لاکھوں لوگ اس دعا کو اپنے معمولات میں شامل کیے ہوئے ہیں اور اس دعا کے فیوض و برکات کی وجہ سے اپنی پریشانیاں غم مسائل مصیبتیں اور بلائیں اللہ تعالیٰ سے ٹلوا رہے ہیں۔ اس دعا میں اللہ کے ہزار اسم ہیں جن میں ایک اسم اعظم ہے۔

## حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کے قتل کا منصوبہ

کفعمی نے بلدالامین کے حاشیے میں فرمایا ہے کہ یہ دعا بہت بلند مرتبہ اور بڑی قدر و منزلت والی دعا ہے جب خلیفہ وقت نے امام موسی کاظم سلام اللہ ورضوانہ علیہ کے قتل کا ارادہ کیا تو حضرت موسی کاظم نے یہ دعا پڑھی، تو آپ نے خواب میں اپنے جد بزرگوار اللہ کے پیارے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمارہے ہیں کہ حق تعالیٰ آپ کی حفاظت فرمائے گا اور دشمن کو ہلاک کر دے گا

## دعائے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور شیخ علامہ ابن العربی علیہ الرحمۃ

شیخ علامہ ابن العربیؒ وہ مبارک عظیم بزرگ ہستی ہیں جو کسی تعارف کا محتاج نہیں انیسویں صدی عیسوی کے ایک بہت بڑے درویش جنھوں نے شیخ علامہ ابن العربیؒ کے اوراد و وظائف پر ایک جامع کتاب لکھی جس کا نام "مجموعہ احزاب و اوراد شیخ الاکبر ابن عربیؒ" ہے جس میں شیخ " کے معمولات میں شامل وظائف کا ذکر کیا گیا اس کتاب میں دعائے حضرت علیؓ جس کا ذکر کیا جارہا ہے ۔موجود ہے جو کہ شیخ علامہ ابن العربیؒ کے اوراد میں شامل تھی۔ اس بات سے بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یہ دعا صدیوں سے مشائخ کے ورد کا حصہ رہی ہے۔

# شیخ علامہ سعید نوری علیہ رحمۃ اللہ

یہ وہ ہستی ہیں جنہیں مسلم دنیا بالخصوص ترکی میں بہت مقبولیت حاصل ہے۔انہیں بدیع الزماں علامہ سعید نوریؒ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ صوفی بزرگ سلطنت عثمانیہ کے آخری دور کے ہیں۔ جب ترکی میں خلافت کو ختم کر دیا گیا تو وہاں ایک تنظیم تھی جس سے اسلامی روایات کو بہت نقصان پہنچ رہا تھا ان حالات میں شیخ علامہ سعید نوریؒ نے ترک عوام کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا اورترک عوام میں اسلامی اقدار کو باقی رکھنے کے لئے انتھک محنت کی اس دوران آپ کو بہت سی صعوبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ آپ کے متعلقین کو پھانسی کی سزا بھی ہوئی اور آپ کو بھی گرفتار کر کے عدالت میں پیش کیا گیا گر آپ حق پر قائم و دائم رہے ترک عوام نے بھی آپ کا بھر پور ساتھ دیا جس وجہ سے حکومت وقت کو آپ کے سامنے گھٹنے ٹیکنے پڑے۔مسلمانوں کی تربیت و اصلاح کے لئے انہوں نے مجموعہ رسالہ نور لکھاجس میں قرآن کی تفسیر بھی شامل تھی اسی رسالہ میں دعائے حضرت علیؓ کا خاص تذکرہ ہے جس میں وہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ پچھلے 35 سال سے یہ دعا میرے معمول کا حصہ ہے۔ اس دعا کو ترک عوام میں انہوں نے بہت زیادہ روشناس کروایا کیا وجہ ہے کہ آج ترکی میں لاکھوں لوگ اس دعا کو پڑھا ہے اور اس کا فیض حاصل کر رہے ہیں۔

## مولانا شیخ عدنان نقشبندیہ القبانی علیہ الرحمۃ اللہ

سلسلہ نقشبندی العالیہ قبانی میں بھی دعائے حضرت علیؓ پڑھنے کا اہتمام کیا جاتا ہے اس سلسلہ طریقت کے مشہور بزرگ حضرت مولانا شیخ عدنان القبانی اپنے مریدین کے ساتھ حلقہ میں اس دعا کا خاص اہتمام فرماتے تھے وہ فرماتے ہیں شیخ ناظم الحقانی ( یہ بھی اس سلسلے کے ایک بڑے بزرگ ہیں) پر کوئی بوجھ (پریشانی یا مسئلہ) ہوتا تو اللہ تعالی اس دعا کے صدقے سے وہ بوجھ ان سے دور کر دیتے تھے۔ان کا فرمان ہے کہ یہ دعا اللہ تعالی نے حضرت جبرائیلؑ کے ذریعے آپ ص کو بھیجی۔ ایک غزوہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوری امت اور صحابہ کرام کا بوجھ اٹھائے ہوئے تھے اور آپ ص نے جنگ کالباس (زرہ بکتر) بھی پہنا ہوا تھا ۔ جبرائیل حاضر ہوئے اور فرمایا پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالی کا حکم ہے کہ آپ زرہ اتاریں اور یہ دعا میرے ساتھ دہرائیں اور اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ دعا سیدنا ابوبکر صدیقؓ اور سیدنا علیؓ سلام کو دی اور اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین میں جاری رہی مگر حضرت امام جعفر صادقؑ نے اسے امت کے لئے عام کر دیا کیونکہ یہ دعا حضرت جعفر صادقؑ تک حضرت علیؓ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے ذریعے پہنچی اور وہ اس دعا کو ہر رات تہجد میں پڑھتے تھے اس کے بعد انہوں نے اس دعا کو اپنے تمام مریدوں اور حلقہ احباب میں ظاہر کر دیا۔

اور ان کے ذریعے ہم تک پہنچی اور پھر یہ دعا بہت زیادہ
پھیل گئی اور لوگ اس دعا کو سونے سے پہلے پڑھتے رہے اور
اللہ کے اسما الحسنیٰ 99 نام جو کہ بہت عظیم ہے اس دعا میں ہی شامل ہیں
اور اسی طرح اولیاء کرام بھی بالخصوص امت محمدیہ کے لئے اور تمام
انسانیت کے لیے اس دعا کے ذریعے اللہ تعالی سے مناجات کرتے رہے اور
اللہ سے مغفرت طلب کر تے رہے۔ مزید وہ فرماتے ہیں بہت سے فرشتوں
اور جنات نے اس دعا کو بڑی اچھی طرح سے سیکھ لیا ہے۔ شیخ مولا نا عدنان
اس دعا کے فضائل کے بارے میں بھی ارشاد فرماتے ہیں۔ جس کی تفصیل
کچھ یوں ہے: اللہ تعالی نے سیدنا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک غزوہ کے موقع پر یہ
دعا عطا فرمائی جس میں آپ لوہے کی بھاری زرہ پہنے تھے تو اللہ کے حکم
سے حضرت جبرائیلؑ کے ذریعے یہ دعا بطور تحفہ حفاظت کے لئے عطافرمائی
تھی۔ جو بھی اس دعا کو پڑھے یا اس کا تعویذ بنا کر استعمال کرے۔ اللہ
تعالی ہمیں اس شخص کی خاص کفایت اور مدد فرماتے ہیں اور ہر قسم کے
مسائل پریشانیوں آسمانوں اور زمین کی ہر قسم کی بلاؤں مصیبتوں غرض ہر
قسم کی بیماری اور مسائل سے حفاظت فرماتے ہیں ۔ شیخ مزید فرماتے ہیں جو
بھی کسی بچے کو اس دعا کا لکھا ہوا تعویذ دے گا، یہ بچہ بڑا ہو کر ایک ولی
بن جائے گا اور اللہ تعالی اسے اپنے محبوب اولیاء کی صف میں شامل فرمائے
گا اگر غیر مسلم پہنے اور اس کا ادب کرے تو اللہ تعالی اسے
ایمان کی دولت عطا فرمائے گا ان شاءاللہ۔

| بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمَنِ الرَّحِیۡمِ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ |
|---|
| شروع اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کے نام سے جو بڑا رحمٰن اور رحیم ہے۔اے سلامتی نازل فرما محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور انکی آل پر |
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡاَلُكَ بِاسۡمِكَ، یَا اَللہُ، |
| اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں، اے اللہ |
| یَا رَحۡمٰنُ، یَا رَحِیۡمُ، یَا کَرِیۡمُ، یَا مُقِیۡمُ |
| اے بخشنے والے، اے مہربان، اے کرم کرنے والے، اے ٹھہرنے والے |
| یَا عَظِیۡمُ، یَا قَدِیۡمُ، یَا عَلِیۡمُ، یَا حَلِیۡمُ |
| اے بڑائی والے، اے سب سے پہلے، اے علم والے، اے بردبار |
| یَا حَکِیۡمُ، سُبۡحَانَكَ، یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنۡتَ |
| اے حکمت والے ۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| اَلۡغَوۡثَ اَلۡغَوۡثَ خَلِّصۡنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ۔ |
| فریاد سن فریاد سن مجھے آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| یَا سَیِّدَ السَّادَاتِ، یَا مُجِیبَ الدَّعَوَاتِ، |
| اے سرداروں کے سردار، اے دعائیں قبول کرنے والے، |
| یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ، یَا وَلِیَّ الْحَسَنَاتِ، |
| اے درجات بلند کرنے والے، اے نیکیوں میں مدد دینے والے، |
| یَا غَافِرَ الْخَطِیئَاتِ، یَا مُعْطِیَ الْمَسْأَلَاتِ، |
| اے گناہوں کے بخشنے والے، اے حاجات پوری کرنے والے، |
| یَا قَابِلَ التَّوْبَاتِ، یَا سَامِعَ الْأَصْوَاتِ، |
| اے توبہ قبول کرنے والے، اے آوازوں کے سننے والے، |
| یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ، یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ سُبْحَانَكَ |
| اے چھپی چیزوں کے جاننے والے، اے بلائیں دور کرنے والے تو پاک ہے اے کہ |
| یَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ |
| تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا خَيْرَ الْغَافِرِينَ، يَا خَيْرَ الْفَاتِحِينَ |
| اے بخشنے والوں میں سب سے بہتر،اے فتح کرنے والوں سب سے میں بہتر |
| يَا خَيْرَ النَّاصِرِينَ، يَا خَيْرَ الْحَاكِمِينَ |
| اے مدد کرنے والوں سب سے میں بہتر،اے حاکموں میں سب سے بہتر |
| يَا خَيْرَ الرَّازِقِينَ، يَا خَيْرَ الْوَارِثِينَ |
| اے رزق دینے والوں میں سب سے بہتر،اے وارثوں میں سب سے بہتر |
| يَا خَيْرَ الْحَامِدِينَ، يَا خَيْرَ الذَّاكِرِينَ |
| اے تعریف کرنے والوں میں سب سے بہتر،اے ذکر کرنے والوں میں سب سے بہتر |
| يَا خَيْرَ الْمُنْزِلِينَ، يَا خَيْرَ الْمُحْسِنِينَ سُبْحَانَكَ يَا |
| اے میزبانوں میں بہتر،اے احسان کرنے والوں میں بہتر، تو پاک ہے اے |
| لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| یَا مَن لَّهُ الْعِزَّةُ وَالْجَمَالُ، يَا مَن لَّهُ الْقُدْرَةُ وَالْكَمَالُ |
| اے وہ جس کیلئے عزت اور جمال ہے، اے وہ جس کے لیے قدرت اور کمال ہے |
| يَا مَن لَّهُ الْمُلْكُ وَالْجَلَالُ، يَا مَنْ هُوَ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ، |
| اے وہ جسکے لیے ملک اور جلال ہے،اے وہ جو بڑائی والا بلند تر ہے |
| يَا مُنْشِئَ السَّحَابِ الثِّقَالِ، يَا مَنْ هُوَ شَدِيدُ الْمِحَالِ، |
| اے بھرے بادلوں کے پیدا کرنے والے، اے وہ جو بہت زیادہ قوت والا ہے |
| يَا مَنْ هُوَ سَرِيعُ الْحِسَابِ، يَا مَنْ هُوَ شَدِيدُ الْعِقَابِ، |
| اے وہ جو تیز تر حساب کرنے والا ہے،اے وہ جو سخت عذاب دینے والا ہے |
| يَا مَنْ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ، يَا مَنْ عِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ جسکے ہاں بہترین ثواب ہے، اے وہ جسکے پاس لوح محفوظ ہے۔ تو پاک ہے اے |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَنَّانُ |
|---|
| اے اللہ! تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے محبت والے |
| يَا مَنَّانُ يَا دَيَّانُ يَا بُرْهَانُ |
| اے احسان کرنیوالے،اے بدلہ دینے والے، اے دلیل روشن، |
| يَا سُلْطَانُ يَا رِضْوَانُ |
| اے صاحب سلطنت، اے راضی ہونے والے |
| يَا غُفْرَانُ يَا سُبْحَانُ يَا مُسْتَعَانُ |
| اے بخشنے والے، اے پاکیزگی والے، اے مدد کرنے والے، |
| يَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَيَانِ سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ |
| اے صاحب احسان وبیان،تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ، خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ۔ |
| فریاد سن فریاد سن مجھے آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| یَا مَنْ تَوَاضَعَ کُلُّ شَيْءٍ لِّعَظَمَتِهِ یَا مَنْ اسْتَسْلَمَ کُلُّ شَيْءٍ لِّقُدْرَتِهِ |
|---|
| اے وہ جس کی عظمت کے آگے سب چیزیں جھکی ہوئی ہیں،اے وہ جسکی قدرت کے سامنے ہر شے سرنگوں ہے |
| یَا مَنْ ذَلَّ کُلُّ شَيْءٍ لِّعِزَّتِهِ یَا مَنْ خَضَعَ کُلُّ شَيْءٍ لِّهَيْبَتِهِ |
| اے وہ جسکی بڑائی کے سامنے ہر چیز پست ہے، اے وہ جسکے خوف سے ہر چیز دبی ہوئی ہے |
| یَا مَنْ انْقَادَ کُلُّ شَيْءٍ مِّنْ خَشْيَتِهِ یَا مَن تَشَقَّقَتِ الْجِبَالُ مِن مَّخَافَتِهِ |
| اے وہ جسکے ڈر سے ہر چیز فرمانبردار بنی ہوئی ہے،اے وہ جسکے خوف سے پہاڑ پھٹ جاتے ہیں |
| یَا مَن قَامَتِ السَّمَاوَاتُ بِأَمْرِهِ یَا مَنْ اسْتَقَرَّتِ الأَرَضُونَ بِإِذْنِهِ |
| اے وہ جسکے حکم سے آسمان کھڑے ہیں، اے وہ جسکے اذن سے زمینیں ٹھہری ہوئی ہیں |
| یَا مَن یُّسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ یَا مَن لا یَعْتَدِي عَلَى أَهْلِ مَمْلَکَتِهِ |
| اے وہ کہ کڑکتی بجلی جسکی تسبیح خواں ہے،اے وہ جو اپنے زیر حکومت لوگوں پر ظلم نہیں کرتا |
| سُبْحَانَكَ یَا لا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الغَوْثَ الغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| یَا غَافِرَ الْخَطَایَا، یَا کَاشِفَ الْبَلَایَا |
|---|
| اے گناہوں کے بخشنے والے، اے بلائیں دور کرنے والے |
| یَا مُنْتَهَى الرَّجَایَا، یَا مُجْزِلَ الْعَطَایَا |
| اے امیدوں کے آخری مقام، اے بہت عطاؤں والے |
| یَا وَاهِبَ الْهَدَایَا، یَا رَازِقَ الْبَرَایَا |
| اے تحفے عطا کرنے والے، اے مخلوق کو رزق دینے والے |
| یَا قَاضِيَ الْمَنَایَا، یَا سَامِعَ الشَّکَایَا |
| اے تمنائیں پوری کرنے والے، اے شکایتیں سننے والے |
| یَا بَاعِثَ الْبَرَایَا، یَا مُطْلِقَ الْأُسَارٰی، سُبْحَانَکَ یَا |
| اے مخلوق کو زندہ کرنے والے، اے قیدیوں کو آزاد کرنے والے تو پاک ہے اے کہ |
| لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ. |
| تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّنَاءِ، يَا ذَا الْفَخْرِ وَالْبَهَاءِ |
| اے تعریف و ثناء کرنے والے، اے فخر و خوبی والے |
| يَا ذَا الْمَجْدِ وَالسَّنَاءِ، يَا ذَا الْعَهْدِ وَالْوَفَاءِ |
| اے بزرگی و بلندی والے، اے عہد اور وفا والے |
| يَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضَاءِ، يَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَاءِ |
| اے معافی دینے والے اور راضی ہونے والے، اے عطا و بخشش کرنے والے |
| يَا ذَا الْفَصْلِ وَالْقَضَاءِ، يَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ، |
| اے فیصلے اور انصاف والے، اے عزت اور بقاء والے، |
| يَا ذَا الْجُودِ وَالسَّخَاءِ، يَا ذَا الْآلَاءِ وَالنَّعْمَاءِ سُبْحَانَكَ |
| اے عطاء و سخاوت والے،اے رحمتوں اور نعمتوں والے تو پاک ہے اے کہ تیرے |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اللّٰھُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مَانِعُ |
| --- |
| اے میرے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے روکنے والے، |
| يَا دَافِعُ يَا رَافِعُ يَا صَانِعُ |
| اے ہٹانے والے، اے بلند کرنے والے، اے بنانے والے، |
| يَا نَافِعُ يَا سَامِعُ۔ يَا جَامِعُ |
| اے نفع والے، اے سننے والے، اے جمع کرنے والے، |
| يَا شَافِعُ يَا وَاسِعُ يَا مُوسِعُ |
| اے شفاعت کرنے والے، اے کشادگی والے، اے وسعت دینے والے |
| سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَٰهَ إِلاّ أَنْتَ الغَوْثَ الغَوْثَ |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن |
| خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| یَا صَانِعَ کُلِّ مَصْنُوعٍ یَا خَالِقَ کُلِّ مَخْلُوقٍ |
| اے ہر مصنوع کے صانع، اے ہر مخلوق کے خالق |
| یَا رَازِقَ کُلِّ مَرْزُوقٍ یَا مَالِكَ کُلِّ مَمْلُوكٍ |
| اے ہر رزق پانے والے کے رازق، اے ہر مملوک کے مالک |
| یَا کَاشِفَ کُلِّ مَکْرُوبٍ یَا فَارِجَ کُلِّ مَهْمُومٍ |
| اے ہر دکھی کا دکھ دور کرنے والے، اے ہر پریشان کی پریشانی مٹانے والے |
| یَا رَاحِمَ کُلِّ مَرْحُومٍ یَا نَاصِرَ کُلِّ مَخْذُولٍ |
| اے ہر رحم کیے گئے پر رحم کرنے والے، اے ہر بے سہار کے مددگار |
| یَا سَاتِرَ کُلِّ مَعْیُوبٍ یَا مَلْجَأَ کُلِّ مَطْرُودٍ سُبْحَانَكَ یَا |
| اے ہر برائی پر پردہ ڈالنے والے، اے ہر روندے ہوئے کی پناہ گاہ، تو پاک ہے اے کہ تیرے |
| لا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یا رَبِّ. |
| سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا عُدَّتِي عِنْدَ شِدَّتِي يَا رَجَائِي عِنْدَ مُصِيبَتِي |
| اے سختی کے وقت میرے سرمایہ، اے مصیبت میں میری امید گاہ |
| يَا مُؤْنِسِي عِنْدَ وَحْشَتِي يَا صَاحِبِي عِنْدَ غُرْبَتِي |
| اے وحشت کے وقت میرے ہمدم، اے میری تنہائی میں میرے ساتھی |
| يَا وَلِيِّي عِنْدَ نِعْمَتِي يَا غِيَاثِي عِنْدَ كُرْبَتِي |
| اے نعمت میں میری کفالت کرنے والے، اے دکھ درد میں میرے مددگار |
| يَا دَلِيلِي عِنْدَ حَيْرَتِي يَا غِنَائِي عِنْدَ افْتِقَارِي |
| اے حیرت کے وقت میرے رہنما، اے محتاجی کے وقت میرے سرمایہ |
| يَا مَلْجَئِي عِنْدَ اضْطِرَارِي يَا مُعِينِي عِنْدَ مَفْزَعِي سُبْحَانَكَ |
| اے بے قراری کے وقت میری پناہ گاہ، اے فریاد کے وقت میرے مددگار، تو پاک ہے اے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا عَلَّامَ الْغُيُوبِ يَا غَفَّارَ الذُّنُوبِ، يَا سَتَّارَ الْعُيُوبِ |
| اے ہر غیب کے جاننے والے، اے گناہوں کے بخشنے والے،اے عیبوں کے چھپانے والے |
| يَا كَاشِفَ الْكُرُوبِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوب |
| اے مصیبتیں دور کرنے والے، اے دلوں کو پلٹنے والے |
| يَا طَبِيبَ الْقُلُوبِ يَا مُنَوِّرَ الْقُلُوبِ يَا أَنِيسَ الْقُلُوبِ |
| اے دلوں کے معالج، اے دلوں کے روشن کرنے والے، اے دلوں کے ہمدم |
| يَا مُفَرِّجَ الْهُمُومِ يَا مُنَفِّسَ الْغُمُومِ سُبْحَانَكَ، |
| اے غموں کی گرہ کھولنے والے،اے غموں کو دور کرنے والے،تو پاک ہے |
| يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ، |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن |
| خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ۔ |
| مجھے آگ سے نجات دے اے پروردگار |

**اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا جَلِيلُ**

میرے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے اے جلال والے

**يَا جَمِيلُ يَا وَكِيلُ يَا كَفِيلُ**

اے جمال والے، اے کارساز، اے سرپرست

**يَا دَلِيلُ يَا قَبِيلُ**

اے رہنما، اے قبول کرنے والے،

**يَا مُدِيلُ يَا مُنِيلُ يَا مُقِيلُ**

اے رواں کرنے والے، اے بخشنے والے،اے معاف کرنے والے

**يَا مُحِيلُ سُبْحَانَكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ**

اے جگہ دینے والے تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

**اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ.**

فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار

| |
|---|
| يَا دَلِيلَ الْمُتَحَيِّرِينَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ |
| اے سرگردانوں کے رہنما، اے پکارنے والوں کی مدد کرنے والے |
| يَا صَرِيخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ يَا جَارَ الْمُسْتَجِيرِينَ |
| اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے، اے پناہ طلب کرنے والوں کی پناہ |
| يَا أَمَانَ الْخَائِفِينَ يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِينَ يَا رَاحِمَ الْمَسَاكِينَ |
| اے ڈرنے والوں کی ڈھارس، اے مومنوں کے مددگار،اے بے چاروں پر رحم کرنے والے |
| يَا مَلْجَأَ الْعَاصِينَ يَا غَافِرَ الْمُذْنِبِينَ |
| اے گنہگاروں کی پناہ، اے خطاکاروں کے بخشنے والے |
| يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ |
| اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے، تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا ذَا الْجُودِ وَالْإِحْسَانِ يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْإِمْتِنَانِ |
| اے صاحب نیکی و احسان، اے صاحب فضل و منت |
| يَا ذَا الْأَمْنِ وَالْأَمَانِ يَا ذَا الْقُدْسِ وَالسُّبْحَانِ |
| اے صاحب امن و امان، اے طہارت و پاکیزگی والے |
| يَا ذَا الْحِكْمَةِ وَالْبَيَانِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ وَالرِّضْوَانِ |
| اے حکمت و بیان والے، اے رحمت و رضا والے |
| يَا ذَا الْحُجَّةِ وَالْبُرْهَانِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ وَالسُّلْطَانِ |
| اے حجت اور روشن دلیل والے، اے عظمت و سلطنت والے |
| يَا ذَا الرَّأْفَةِ وَالْمُسْتَعَانِ يَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرَانِ سُبْحَانَكَ |
| اے مہربانی کرنے اور مدد دینے والے، اے معافی دینے اور بخشنے والے، تو پاک ہے اے |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَآ مَنْ هُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ يَآ مَنْ هُوَ إِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ |
| اے وہ جو ہر چیز کا پروردگار ہے، اے وہ جو ہر شے کا معبود ہے |
| يَآ مَنْ هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ يَآ مَنْ هُوَ صَانِعُ كُلِّ شَيْءٍ |
| اے وہ جو ہر چیز کا خالق ہے، اے وہ جو ہر چیز کا بنانے والا ہے |
| يَآ مَنْ هُوَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ يَآ مَنْ هُوَ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ |
| اے وہ جو ہر شے سے پہلے تھا، اے وہ جو ہر شے کے بعد رہے گا |
| يَآ مَنْ هُوَ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ يَآ مَنْ هُوَ عَالِمٌ بِكُلِّ شَيْءٍ |
| اے وہ جو ہر شے سے بلند ہے، اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے |
| يَآ مَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ يَآ مَنْ هُوَ يَبْقَى وَيَفْنَى كُلُّ شَيْءٍ |
| اے وہ جو ہر چیز پر قادر ہے،اے وہ جو باقی رہے گا جب ہر چیز فنا ہو جائے گی۔ |
| سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| اللَّهُمَّ إِنِّي أَسأَلُكَ بِاسمِكَ يَا مُؤمِنُ |
| اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے، اے امن دینے |
| يَا مُهَيمِنُ يَا مُكَوِّنُ يَا مُلَقِّنُ |
| والے اے نگہبان، اے کائنات بنانے والے، اے تلقین کرنے والے |
| يَا مُبَيِّنُ يَا مُهَوِّنُ |
| اے ظاہر کرنے والے، اے آسان کرنے والے |
| يَا مُمَكِّنُ يَا مُزَيِّنُ يَا مُعلِنُ |
| اے قدرت دینے والے، اے زینت دینے والے، اے اعلان کرنے والے، |
| يَا مُقَسِّمُ سُبحَانَكَ يَا لا إِلَهَ إِلاّ أَنتَ الغَوثَ الغَوثَ |
| اے بانٹنے والے ، تُو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن |
| خَلِّصنا مِنَ النّارِ يا رَبِّ. |
| ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| يَا مَنْ هُوَ فِي مُلْكِهِ مُقِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي سُلْطَانِهِ قَدِيمٌ |
| --- |
| اے وہ جو اپنے اقتدار پر میں پائیدار ہے، اے وہ جو اپنی سلطنت میں قدیم ہے |
| يَا مَنْ هُوَ فِي جَلَالِهِ عَظِيمٌ يَا مَنْ هُوَ عَلَى عِبَادِهِ رَحِيمٌ |
| اے وہ جو اپنی شان میں بلند تر ہے، اے وہ جو اپنے بندوں پر مہربان ہے |
| يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِيمٌ |
| اے وہ جو ہر چیز کا جاننے والا ہے، اے وہ جو نافرمان سے نرمی کرنے والا ہے، |
| يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِي صُنْعِهِ حَكِيمٌ |
| اے وہ جو امیدوار پر کرم کرنے والا ہے، اے وہ جو اپنی صنعت میں حکمت والا ہے، |
| يَا مَنْ هُوَ فِي حِكْمَتِهِ لَطِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِي لُطْفِهِ قَدِيمٌ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ جو اپنی حکمت میں باریک بین ہے، اے وہ جس کا احسان قدیم ہے۔ تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا مَن لا يُرجَى إِلاَّ فَضلُهُ يَا مَن لا يُسأَلُ إِلاَّ عَفوُهُ |
| اے وہ جس سے اس کے فضل کی امید کی جاتی ہے، اے وہ جس کی بخشش کا سوال کیا جاتا ہے |
| يَا مَن لا يُنظَرُ إِلاَّ بِرُّهُ، يَا مَن لا يُخَافُ إِلاَّ عَدلُهُ |
| اے وہ جس سے بھلائی کی آس ہے، اے وہ جسکے عدل سے خوف آتا ہے |
| يَا مَن لا يَدُومُ إِلاَّ مُلكُهُ، يَا مَن لا سُلطَانَ إِلاَّ سُلطَانُهُ |
| اے وہ جسکی حکومت ہمیشہ رہے گی، اے وہ جسکی سلطنت کے سوا کوئی سلطنت نہیں |
| يَا مَن وَّسِعَت كُلَّ شَيءٍ رَّحمَتُهُ يَا مَن سَبَقَت رَحمَتُهُ غَضَبَهُ |
| اے وہ جسکی رحمت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے، اے وہ جسکی رحمت اسکے غضب سے آگے ہے |
| يَا مَن أَحَاطَ بِكُلِّ شَيءٍ عِلمُهُ يَا مَن لَّيسَ أَحَدٌ مِّثلَهُ سُبحَانَكَ |
| اے وہ جسکا علم ہر چیز پر حاوی ہے، اے وہ کہ جس جیسا کوئی نہیں ہے۔ تو پاک ہے |
| يَا لا إِلَهَ إِلاَّ أَنتَ الغَوثَ الغَوثَ خَلِّصنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا فَارِجَ الْهَمِّ يَا كَاشِفَ الْغَمِّ |
| اے اندیشے ہٹا دینے والے، اے غم دور کرنے والے |
| يَا غَافِرَ الذَّنْبِ يَا قَابِلَ التَّوْبِ |
| اے گناہ معاف کرنے والے، اے توبہ قبول کرنے والے |
| يَا خَالِقَ الْخَلْقِ يَا صَادِقَ الْوَعْدِ |
| اے مخلوقات کے خالق، اے وعدے میں سچے |
| يَا مُوفِي الْعَهْدِ يَا عَالِمَ السِّرِّ |
| اے عہد پورا کرنے والے، اے راز کے جاننے والے |
| يَا فَالِقَ الْحَبِّ يَا رَازِقَ الْأَنَامِ سُبْحَانَكَ يَا |
| اے دانے کو چیرنے والے، اے لوگوں کے رازق۔تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا |
| لا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الغَوْثَ الغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النّارِ يا رَبِّ. |
| کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا عَلِيُّ

اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے بلند

يَا وَفِيُّ يَا غَنِيُّ يَا مَلِيُّ

اے وفادار، اے بے نیاز، اے مہربان

يَا حَفِيُّ يَا رَضِيُّ

اے احسان کرے والے ، اے پسندیدہ

يَا زَكِيُّ يَا بَدِيُّ يَا قَوِيُّ

اے پاکیزہ، اے ابتدا کرنے والے، اے قوت والے

يَا وَلِيُّ سُبْحَانَكَ يَا لا إِلَهَ إِلاّ أَنْتَ

اے حاکم۔تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

الغَوْثَ الغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النّارِ يا رَبِّ.

فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار

| |
|---|
| يَا مَنْ أَظْهَرَ الْجَمِيلَ يَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِيحَ |
| اے وہ جس نے نیکی کو ظاہر کیا، اے وہ جس نے بدی کو ڈھانپا |
| يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ يَا مَن لَّمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ |
| اے وہ جس نے جرم پر گرفت نہیں فرمائی، اے وہ جس نے پردہ فاش نہیں کیا |
| يَا عَظِيمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ |
| اے بہت معاف کرنے والے، اے بہترین در گزر کرنے والے |
| يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ |
| اے وسیع مغفرت والے، اے دونوں ہاتھوں سے رحمت کرنے والے، |
| يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوَى يَا مُنْتَهَى كُلِّ شَكْوَى سُبْحَانَكَ |
| اے ہر سرگوشی کے مالک، اے شکایت سننے والے۔ تُو پاک ہے |
| يَا لا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِ يا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ يَا ذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ

اے کامل نعمت کے مالک، اے وسیع رحمت والے

يَا ذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ

اے احسان میں پہل کرنے والے، اے بھرپور حکمت والے

يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ يَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ

اے کامل قدرت والے، اے قاطع دلیل والے

يَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّائِمَةِ

اے کھلی سخاوت والے، اے ہمیشہ کی عزت والے

يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَةِ يَا ذَا الْعَظَمَةِ الْمَنِيعَةِ سُبْحَانَكَ،

اے مضبوط قوت والے، اے سب سے زیادہ عظمت والے، تو پاک ہے

يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ۔

اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن مجھے آگ سے نجات دے اے پروردگار

| يَا بَدِيعَ السَّمَاوَاتِ يَا جَاعِلَ الظُّلُمَاتِ |
|---|
| اے آسمانوں کے بنانے والے، اے تاریکیوں کو وجود میں لانے والے |
| يَا رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ |
| اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے، اے لغزشوں کے معاف کرنے والے |
| يَا سَاتِرَ الْعَوْرَاتِ يَا مُحْيِي الْأَمْوَاتِ |
| اے عیبوں کے چھپانے والے، اے مردوں کو زندہ کرنے والے |
| يَا مُنْزِلَ الْآيَاتِ يَا مُضَعِّفَ الْحَسَنَاتِ |
| اے آیات کے نازل کرنے والے، اے نیکیوں کو دوچند کرنے والے |
| يَا مَاحِيَ السَّيِّئَاتِ يَا شَدِيدَ النَّقِمَاتِ سُبْحَانَكَ |
| اے گناہوں کے مٹانے والے، اے سخت بدلہ لینے والے۔۔تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُصَوِّرُ |
| --- |
| اے اللہ! میں تجھ سے تیرے ہی نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں،اے صورت ساز، |
| يَا مُقَدِّرُ يَا مُدَبِّرُ يَا مُطَهِّرُ |
| اے تقدیر بنانے والے، اے تدبیر کرنے والے، اے پاک کرنے والے |
| يَا مُنَوِّرُ يَا مُيَسِّرُ |
| اے روشن کرنے والے، اے آسان کرنے والے |
| يَا مُبَشِّرُ يَا مُنْذِرُيَا مُقَدِّمُ |
| اے بشارت دینے والے، اے ڈرانے والے ،اے سب سے پہلے |
| يَا مُؤَخِّرُ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ |
| اے سب سے آخری ، تُو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرَامِ |
| اے مقدس گھر کے رب، اے مقدس مہینے کے رب |
| يَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ |
| اے مقدس شہر کے رب، اے رکن و مقام کے رب |
| يَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ |
| اے معشر الحرام کے رب، اے مسجد الحرام کے رب |
| يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ يَا رَبَّ النُّورِ وَالظَّلَامِ |
| اے حلال و حرام کے رب، اے روشنی و تاریکی کے رب |
| يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلَامِ يَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِي الْأَنَامِ |
| اے درود و سلام کے رب، اے لوگوں میں زیادہ توانائی پیدا کرنے والے۔ |
| سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا أَحْكَمَ الْحَاكِمِينَ يَا أَعْدَلَ الْعَادِلِينَ |
| اے حاکموں میں سب سے بڑے حاکم، اے عادلوں میں سب سے زیادہ عادل |
| يَا أَصْدَقَ الصَّادِقِينَ يَا أَطْهَرَ الطَّاهِرِينَ |
| اے سچوں میں سب سے زیادہ سچے، اے پاکوں میں پاک تر |
| يَا أَحْسَنَ الْخَالِقِينَ يَا أَسْرَعَ الْحَاسِبِينَ |
| اے خالقوں میں بہترین خالق، اے حساب کرنے والوں میں زیادہ تیز |
| يَا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ يَا أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ |
| اے سننے والوں میں سب سے زیادہ سننے والے، اے دیکھنے والوں میں سب سے زیادہ دیکھنے والے |
| يَا أَشْفَعَ الشَّافِعِينَ يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ سُبْحَانَكَ |
| اے شفاعت کرنے والوں میں سب سے بڑے شفیع، اے بزرگی والوں میں سب سے بڑے بزرگ۔ |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے |

| |
|---|
| يَا عِمَادَ مَن لا عِمَادَ لَهُ ، يَا سَنَدَ مَن لا سَنَدَ لَهُ |
| اے اسکا آسرا جسکا کوئی آسرا نہیں، اے اسکے سہارے جسکا کوئی سہارا نہیں |
| يَا ذُخْرَ مَن لا ذُخْرَ لَهُ، يَا حِرْزَ مَن لا حِرْزَ لَهُ |
| اے اسکے سرمایہ جسکا کوئی سرمایہ نہیں، اے اسکی پناہ جسکی کوئی پناہ نہیں |
| يَا غِيَاثَ مَن لا غِيَاثَ لَهُ، يَا فَخْرَ مَن لا فَخْرَ لَهُ |
| اے اسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں، اے اسکی بڑائی جسکا کوئی فخر نہیں، |
| يَا عِزَّ مَن لا عِزَّ لَهُ، يَا مُعِينَ مَن لا مُعِينَ لَهُ |
| اے اسکی عزت جس کیلئے عزت نہیں، اے اسکے مددگار جسکا کوئی مددگار نہیں، |
| يَا أَنِيسَ مَن لا أَنِيسَ لَهُ، يَا أَمَانَ مَن لا أَمَانَ لَهُ سُبْحَانَكَ |
| اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں،اے اسکی پناہ جسکی کوئی پناہ نہیں ۔ تو پاک ہے |
| يَا لا إِلَهَ إِلاّ أَنْتَ الغَوْثَ الغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النّارِ يا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا عَاصِمُ |
| اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے پناہ دینے والے، |
| يَا قَائِمُ يَا دَائِمُ يَا رَاحِمُ |
| اے پائیدار، اے ہمیشگی والے، اے رحم کرنے والے |
| يَا سَالِمُ يَا حَاكِمُ |
| اے بے عیب اے حکومت کے مالک |
| يَا عَالِمُ يَا قَاسِمُ يَا قَابِضُ |
| اے علم والے، اے تقسیم کرنے والے، اے بند کرنے والے |
| يَا بَاسِطُ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ |
| اے کھولنے والے۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا عَاصِمَ مَنِ اسْتَعْصَمَهُ يَا رَاحِمَ مَنِ اسْتَرْحَمَهُ |
| اے اسکے نگہدار جو نگہداری چاہے،اے اس پر رحم کرنے والے جو رحم کا طالب ہو |
| يَا غَافِرَ مَنِ اسْتَغْفَرَهُ يَا نَاصِرَ مَنِ اسْتَنْصَرَهُ |
| اے اسکے بخشنے والے جو طالب بخشش ہو،اے اسکی نصرت کرنے والے جو نصرت چاہے |
| يَا حَافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهُ يَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهُ |
| اے اسکی حفاظت کرنے والے جو حفاظت چاہے،اے اسکو بڑائی دینے والے جو بڑائی طلب کرے |
| يَا مُرْشِدَ مَنِ اسْتَرْشَدَهُ يَا صَرِيخَ مَنِ اسْتَصْرَخَهُ |
| اے اسکی رہنمائی کرنے والے جو رہنمائی چاہے،اے اسکے داد رس جو دادرسی چاہے |
| يَا مُعِينَ مَنِ اسْتَعَانَهُ يَا مُغِيثَ مَنِ اسْتَغَاثَهُ سُبْحَانَكَ |
| اے اسکے مددگار جو مدد طلب کرے، اے اسکے فریاد رس جو فریاد کرے۔تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| يَا عَزِيزاً لَا يُضَامُ يَا لَطِيفاً لَا يُرَامُ |
| --- |
| اے وہ غالب جو ظلم نہیں کرتا، اے وہ باریک جو نظر انداز نہیں ہوتا |
| يَا قَيُّوماً لَا يَنَامُ يَا دَائِماً لَا يَفُوتُ |
| اے وہ نگہبان جو سوتا نہیں، اے وہ جاوداں جو مرتا نہیں |
| يَا حَيّاً لَا يَمُوتُ يَا مَلِكاً لَا يَزُولُ |
| اے وہ زندہ جسے موت نہیں، اے وہ بادشاہ جسے زوال نہیں |
| يَا بَاقِياً لَا يَفْنَى يَا عَالِماً لَا يَجْهَلُ |
| اے وہ باقی جو فانی نہیں، اے وہ عالم جس میں جہل نہیں |
| يَا صَمَداً لَا يُطْعَمُ يَا قَوِيّاً لَا يَضْعُفُ سُبْحَانَكَ يَا |
| اے وہ بے نیاز جو کھاتا نہیں، اے وہ قوی جسے ضعف نہیں۔۔تو پاک ہے اے |
| لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا أَحَدُ |
| --- |
| اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے یکتا |
| يَا وَاحِدُ يَا شَاهِدُ يَا مَاجِدُ |
| اے یگانہ، اے حاضر، اے بزرگوار |
| يَا حَامِدُ يَا رَاشِدُ |
| اے تعریف والے، اے رہنما |
| يَا بَاعِثُ يَا وَارِثُ يَا ضَارُّ |
| اے اٹھانے والے، اے وارث، اے خسارہ دینے والے، |
| يَا نَافِعُ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنْتَ |
| اے نفع دینے والے۔تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا أَعْظَمَ مِنْ كُلِّ عَظِيمٍ يَّا أَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيمٍ |
| اے سب بڑوں سے بڑے، اے سب بزرگوں سے بزرگ تر |
| يَّا أَرْحَمَ مِنْ كُلِّ رَحِيمٍ يَّا أَعْلَمَ مِنْ كُلِّ عَلِيمٍ |
| اے سب مہربانوں سے مہربان، اے ہر عالم سے بڑے عالم |
| يَّا أَحْكَمَ مِنْ كُلِّ حَكِيمٍ يَّا أَقْدَمَ مِنْ كُلِّ قَدِيمٍ |
| اے ہر حکیم سے بڑے حکیم، اے ہر قدیم سے قدیم تر |
| يَّا أَكْبَرَ مِنْ كُلِّ كَبِيرٍ يَّا أَلْطَفَ مِنْ كُلِّ لَطِيفٍ |
| اے ہر بزرگ سے بزرگ تر، اے ہر لطیف سے زیادہ لطیف |
| يَّا أَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيلٍ يَّا أَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيزٍ سُبْحَانَكَ |
| اے ہر جلال والے سے زیادہ جلال والے، اے ہر زبردست سے زیادہ زبردست۔ تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا كَرِيمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيمَ الْمَنِّ |
| اے بہتر در گزر کرنے والے، اے بڑے احسان والے |
| يَا كَثِيرَ الْخَيْرِ يَا قَدِيمَ الْفَضْلِ |
| اے زیادہ خیر والے، اے قدیم فضل والے |
| يَا دَائِمَ اللُّطْفِ يَا لَطِيفَ الصُّنْعِ |
| اے ہمیشہ کے لطف والے، اے خوبصورت صنعت والے |
| يَا مُنَفِّسَ الْكَرْبِ يَا كَاشِفَ الضُّرِّ |
| اے سختی دور کرنے والے، اے دکھ دور کرنے والے |
| يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا قَاضِيَ الْحَقِّ سُبْحَانَكَ |
| اے ہر ملک کے مالک، اے حق کا فیصلہ دینے والے۔تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا مَنْ هُوَ فِي عَهْدِهِ وَفِيٌّ يَا مَنْ هُوَ فِي وَفَائِهِ قَوِيٌّ |
| اے وہ جو اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے، اے وہ جو اپنی وفا میں قوی ہے |
| يَا مَنْ هُوَ فِي قُوَّتِهِ عَلِيٌّ يَا مَنْ هُوَ فِي عُلُوِّهِ قَرِيبٌ |
| اے وہ جو اپنی قوت میں بلند ہے، اے وہ جو اپنی بلندی میں قریب ہے |
| يَا مَنْ هُوَ فِي قُرْبِهِ لَطِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِي لُطْفِهِ شَرِيفٌ |
| اے وہ جو اپنے قرب میں مہربان ہے، اے وہ جو اپنے لطف میں کریم ہے |
| يَا مَنْ هُوَ فِي شَرَفِهِ عَزِيزٌ يَا مَنْ هُوَ فِي عِزِّهِ عَظِيمٌ |
| اے وہ جو اپنی کرم میں عزت دار ہے، اے وہ جو اپنی عزت میں عظیم ہے |
| يَا مَنْ هُوَ فِي عَظَمَتِهِ مَجِيدٌ يَا مَنْ هُوَ فِي مَجْدِهِ حَمِيدٌ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ جو اپنی عظمت میں بلند مرتبہ ہے، اے وہ جو اپنے مرتبے میں تعریف والا ہے،تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا كَافِي |
|---|
| اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے کفایت کرنے والے، |
| يَا شَافِي، يَا وَافِي، يَا مُعَافِي |
| اے شفا دینے والے، اے وفادار، اے عافیت دینے والے |
| يَا هَادِي، يَا دَاعِي |
| اے ہدایت دینے والے، اے بلانے والے |
| يَا قَاضِي يَا رَاضِي، يَا عَالِي |
| اے فیصلے کرنے والے، اے خوشنودی والے، اے بلندی والے |
| يَا بَاقِي سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ |
| اے باقی رہنے والے۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ خَاضِعٌ لَّهُ يَا مَن كُلُّ شَيْءٍ خَاشِعٌ لَّهُ

اے وہ جسکے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے، اے وہ جسکے آگے ہر چیز خوف زدہ ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ كَائِنٌ لَّهُ يَا مَن كُلُّ شَيْءٍ مَّوْجُودٌ بِهِ

اے وہ جس سے ہر چیز کو وجود ملا ہے، اے وہ جسکے ذریعے ہر چیز موجود ہوئی ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ مُّنِيبٌ إِلَيْهِ يَا مَن كُلُّ شَيْءٍ خَائِفٌ مِّنْهُ

اے وہ جسکی طرف ہر چیز کی بازگشت ہے، اے وہ جس سے ہر چیز ڈرتی ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ قَائِمٌ بِهِ يَا مَن كُلُّ شَيْءٍ صَائِرٌ إِلَيْهِ

اے وہ جسکے ذریعے ہر چیز باقی ہے، اے وہ جسکی طرف ہر چیز لوٹتی ہے

يَا مَنْ كُلُّ شَيْءٍ يُّسَبِّحُ بِحَمْدِهِ يَا مَن كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلاَّ وَجْهَهُ

اے وہ کہ ہر چیز جسکی حمد میں مصروف ہے، اے وہ کہ جسکے جلوے کے سوا ہر چیز ناپید ہو جائے گی۔

سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ.

تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار

| یَا مَنْ لَا مَفَرَّ اِلَّا اِلَیْهِ یَا مَنْ لَا مَفْزَعَ اِلَّا اِلَیْهِ |
|---|
| اے وہ جسکے سوا کوئی جائے فرار نہیں ہے، اے وہ جسکے سوا کوئی جائے پناہ نہیں |
| یَا مَنْ لَا مَقْصَدَ اِلَّا اِلَیْهِ یَا مَنْ لَا مَنْجَی مِنْهُ اِلَّا اِلَیْهِ |
| اے وہ جسکے سوا کوئی منزل مقصود نہیں، اے وہ جسکے علاوہ کوئی جائے نجات نہیں |
| یَا مَنْ لَا یُرْغَبُ اِلَّا اِلَیْهِ یَا مَنْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِهٖ |
| اے وہ جسکے بغیر کسی شئی میں رغبت نہیں ہو سکتی، اے وہ کہ نہیں ہے طاقت و قوت مگر اسی سے |
| یَا مَنْ لَا یُسْتَعَانُ اِلَّا بِهٖ یَا مَنْ لَا یُتَوَکَّلُ اِلَّا عَلَیْهِ |
| اے وہ جسکے سوا کہیں سے مدد نہیں مل سکتی، اے وہ جسکے سوا کسی پر بھروسہ نہیں ہو سکتا |
| یَا مَنْ لَا یُرْجٰی اِلَّا هُوَ یَا مَنْ لَا یُعْبَدُ اِلَّا هُوَ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ جسکے سوا کسی سے امید نہیں ہو سکتی، اے وہ جسکے سوا کسی کی عبادت نہیں ہو سکتی۔ |
| یَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا خَيْرَ الْمَرْهُوبِينَ يَا خَيْرَ الْمَرْغُوبِينَ |
| اے بہترین ذات جس سے ڈرا جائے، اے بہترین لبھانے والے |
| يَا خَيْرَ الْمَطْلُوبِينَ يَا خَيْرَ الْمَسْؤُولِينَ |
| اے بہترین طلب کیے جانے والے، اے بہترین سوال کیے جانے والے |
| يَا خَيْرَ الْمَقْصُودِينَ يَا خَيْرَ الْمَذْكُورِينَ |
| اے بہترین قصد کیے جانے والے، اے بہترین ذکر کیے جانے والے |
| يَا خَيْرَ الْمَشْكُورِينَ يَا خَيْرَ الْمَحْبُوبِينَ |
| اے بہترین شکر کیے جانے والے، اے بہترین محبت کیے جانے والے |
| يَا خَيْرَ الْمَدْعُوِّينَ۔ يَا خَيْرَ الْمُسْتَأْنِسِينَ سُبْحَانَكَ |
| اے بہترین پکارے جانے والے،اے بہترین مانوس کیے جانے والے۔تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ یَا غَافِرُ |
| --- |
| اے اللہ میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے معاف کرنے والے |
| یَا سَاتِرُ یَا قَادِرُ یَا قَاھِرُ |
| اے چھپانے والے، اے قدرت والے، اے غلبے والے |
| یَا فَاطِرُ یَا کَاسِرُ |
| اے پیدا کرنیوالے، اے توڑنے والے |
| یَا جَابِرُ یَا ذَاکِرُ یَا نَاظِرُ |
| اے جوڑنے والے، اے ذکر کرنیوالے، اے دیکھنے والے |
| یَا نَاصِرُ سُبْحَانَكَ یَا لَا اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ |
| اے مدد کرنے والے۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا مَنْ خَلَقَ فَسَوّٰى يَا مَن قَدَّرَ فَهَدٰى |
| اے وہ جس نے پیدا کیا پھر درست کیا، اے وہ جس نے تقدیر بنائی پھر ہدایت دی |
| يَا مَن يَّكْشِفُ الْبَلْوٰى يَا مَن يَّسْمَعُ النَّجْوٰى |
| اے وہ جو بلائیں دور کرتا ہے، اے وہ جو سرگوشیاں سنتا ہے |
| يَا مَن يُّنْقِذُ الْغَرْقٰى يَا مَن يُّنجِي الْهَلْكٰى |
| اے وہ جو ڈوبنے والوں کو بچاتا ہے، اے وہ جو ہلاکتوں سے نجات دیتا ہے |
| يَا مَن يَّشْفِي الْمَرْضٰى يَا مَنْ أَضْحَكَ وَأَبْكٰى |
| اے وہ جو مریضوں کو شفا دیتا ہے، اے وہ جو ہنساتا اور رلاتا ہے |
| يَا مَنْ أَمَاتَ وَأَحْيَا يَا مَنْ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالأُنْثٰى |
| اے وہ جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے، اے وہ جس نے نر اور مادہ جوڑے بنائے |
| سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| يَا مَنْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِيلُهُ يَا مَنْ فِي الآفَاقِ آيَاتُهُ |
| --- |
| اے وہ جس نے خاک و آب میں راستے بنائے، اے وہ جس نے فضا میں اپنی نشانیاں بنائیں |
| يَا مَنْ فِي الآيَاتِ بُرْهَانُهُ يَا مَنْ فِي الْمَمَاتِ قُدْرَتُهُ |
| اے وہ جسکی نشانیوں میں قوی دلیل ہے، اے وہ کہ موت میں جسکی قدرت ظاہر ہے |
| يَا مَنْ فِي الْقُبُورِ عِبْرَتُهُ يَا مَنْ فِي الْقِيَامَةِ مُلْكُهُ |
| اے وہ جس نے قبروں میں عبرت رکھی ہے، اے وہ کہ قیامت میں جسکی بادشاہت ہے |
| يَا مَنْ فِي الْحِسَابِ هَيْبَتُهُ يَا مَنْ فِي الْمِيزَانِ قَضَاؤُهُ |
| اے وہ کہ حساب میں جسکی ہیبت ہے، اے وہ کہ میزان عمل میں جسکی منصفی ہے |
| يَا مَنْ فِي الْجَنَّةِ ثَوَابُهُ يَا مَنْ فِي النَّارِ عِقَابُهُ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ کہ جس کی طرف سے ثوابِ جنت ہے، اے وہ کہ جسکا عذاب دوزخ ہے۔ تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا مَنْ إِلَيْهِ يَهْرَبُ الْخَائِفُون يَا مَنْ إِلَيْهِ يَفْزَعُ الْمُذْنِبُونَ |
| اے وہ کہ خوف زدہ جسکی طرف بھاگتے ہیں، اے وہ کہ گنہگار جسکی پناہ لیتے ہیں |
| يَا مَنْ إِلَيْهِ يَقْصِدُ الْمُنِيبُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَرْغَبُ الزَّاهِدُونَ |
| اے وہ کہ توبہ کرنے والے جسکا قصد کرتے ہیں، اے وہ کہ جسکی طرف پرہیز گار رغبت کرتے ہیں |
| يَا مَنْ إِلَيْهِ يَلْجَأُ الْمُتَحَيِّرُونَ يَا مَنْ بِهِ يَسْتَأْنِسُ الْمُرِيدُونَ |
| اے وہ کہ پریشان لوگ جسکی پناہ چاہتے ہیں، اے وہ کہ ارادہ کرنے والے جس سے مانوس ہیں |
| يَا مَنْ بِهِ يَفْتَخِرُ الْمُحِبُّونَ يَا مَن فِي عَفْوِهِ يَطْمَعُ الْخَاطِئُونَ |
| اے وہ کہ جس پر محبت کرنے والے فخر کرتے ہیں، اے وہ کہ خطاکار جسکے عفو کی خواہش رکھتے ہیں |
| يَا مَنْ إِلَيْهِ يَسْكُنُ الْمُوقِنُونَ يَا مَنْ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ |
| اے وہ جسکے ہاں یقین والے سکون پاتے ہیں، اے وہ کہ توکل کرنے والے جس پر توکل کرتے ہیں۔ |
| سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا حَبِيبُ |
| اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے محبوب |
| يَا طَبِيبُ يَا قَرِيبُ يَا رَقِيبُ |
| اے چارہ گر، اے نزدیک تر، اے نگہدار |
| يَا حَسِيبُ يَا مُهِيبُ |
| اے حساب رکھنے والے، اے ہیبت والے |
| يَا مُثِيبُ يَا مُجِيبُ يَا خَبِيرُ |
| اے ثواب دینے والے، اے دعا قبول کرنے والے، اے با خبر |
| يَا بَصِيرُ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ |
| اے بینا۔تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| الغَوْثَ الغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النّارِ يا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا أَقْرَبَ مِنْ كُلِّ قَرِيبٍ يَّا أَحَبَّ مِنْ كُلِّ حَبِيبٍ |
| اے ہر قریب سے زیادہ قریب، اے ہر محب سے زیادہ محبت کرنے والے |
| يَّا أَبْصَرَ مِنْ كُلِّ بَصِيرٍ يَّا أَخْبَرَ مِنْ كُلِّ خَبِيرٍ |
| اے ہر دیکھنے والے سے زیادہ بینا، اے ہر باخبر سے زیادہ خبر والے |
| يَّا أَشْرَفَ مِنْ كُلِّ شَرِيفٍ يَّا أَرْفَعَ مِنْ كُلِّ رَفِيعٍ |
| اے ہر بزرگ سے زیادہ بزرگ، اے ہر بلند سے زیادہ بلند |
| يَّا أَقْوَى مِنْ كُلِّ قَوِيٍّ يَّا أَغْنَى مِنْ كُلِّ غَنِيٍّ |
| اے ہر توانا سے زیادہ توانا، اے ہر باثروت سے زیادہ باثروت |
| يَّا أَجْوَدَ مِنْ كُلِّ جَوَادٍ يَّا أَرْأَفَ مِنْ كُلِّ رَؤُوفٍ سُبْحَانَكَ |
| اے ہر داتا سے زیادہ دینے والے، اے ہر مہربان سے زیادہ مہربان۔ تو پاک ہے |
| يَا لا إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ الغَوْثَ الغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِ يا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا غَالِباً غَيْرَ مَغْلُوبٍ يَا صَانِعاً غَيْرَ مَصْنُوعٍ |
| اے وہ غالب جس پر کوئی غالب نہیں، اے وہ صانع جسے کسی نے نہیں بنایا |
| يَا خَالِقاً غَيْرَ مَخْلُوقٍ يَا مَالِكاً غَيْرَ مَمْلُوكٍ |
| اے وہ خالق جو خلق نہیں ہوا، اے وہ مالک جسکا کوئی مالک نہیں |
| يَا قَاهِراً غَيْرَ مَقْهُورٍ يَا رَافِعاً غَيْرَ مَرْفُوعٍ |
| اے وہ زبردست جو کسی کے زیر نگیں نہیں، اے وہ بلند جسے کسی نے بلند نہیں کیا |
| يَا حَافِظاً غَيْرَ مَحْفُوظٍ يَا نَاصِراً غَيْرَ مَنْصُورٍ |
| اے وہ نگہبان جسکا کوئی نگہبان نہیں، اے وہ مددگار جسکا کوئی مددگار نہیں |
| يَا شَاهِداً غَيْرَ غَائِبٍ يَا قَرِيباً غَيْرَ بَعِيدٍ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ حاضر جو کہیں بھی غائب نہیں، اے وہ قریب جو کبھی دور نہیں ہوا۔ تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا نُورَ النُّورِ يَا مُنَوِّرَ النُّورِ |
| اے نور کی روشنی، اے نور روشن کرنے والے |
| يَا خَالِقَ النُّورِ يَا مُدَبِّرَ النُّورِ |
| اے نور پیدا کرنے والے، اے نور کا بندوبست کرنے والے |
| يَا مُقَدِّرَ النُّورِ يَا نُورَ كُلِّ نُورٍ |
| اے نور کی اندازہ گیری کرنے والے، اے ہر نور کی روشنی |
| يَا نُوراً قَبْلَ كُلِّ نُورٍ يَا نُوراً بَعْدَ كُلِّ نُورٍ |
| اے ہر نور سے اولین نور، اے ہر نور کے بعد روشن رہنے والے |
| يَا نُوراً فَوْقَ كُلِّ نُورٍ يَا نُوراً لَيْسَ كَمِثْلِهِ نُورٌ سُبْحَانَكَ |
| اے ہرنور سے بالاتر نور، اے وہ نور جسکی مثل کوئی نور نہیں۔ تُو پاک ہے |
| يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا مَنْ عَطَاؤُهُ شَرِيفٌ يَا مَن فِعْلُهُ لَطِيفٌ |
| اے وہ جسکی عطا بلند تر ہے، اے وہ جسکا فعل باریک تر ہے |
| يَا مَن لُطْفُهُ مُقِيمٌ يَا مَنْ إِحْسَانُهُ قَدِيمٌ |
| اے وہ جسکا لطف پائندہ ہے، اے وہ جسکا احسان قدیم ہے |
| يَا مَن قَوْلُهُ حَقٌّ يَا مَن وَعْدُهُ صِدْقٌ |
| اے وہ جسکا قول حق ہے، اے وہ جسکا وعدہ سچا ہے |
| يَا مَنْ عَفْوُهُ فَضْلٌ يَا مَنْ عَذَابُهُ عَدْلٌ |
| اے وہ جسکی عفو میں احسان ہے، اے وہ جسکے عذاب میں عدل ہے |
| يَا مَنْ ذِكْرُهُ حُلْوٌ يَا مَن فَضْلُهُ عَمِيمٌ سُبْحَانَكَ |
| اے وہ جسکا ذکر شیریں ہے، اے وہ جسکا احسان عام ہے۔تو پاک ہے |
| يَا لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُسَهِّلُ |
| --- |
| اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے، اے ہموار کرنے والے |
| يَا مُفَصِّلُ يَا مُبَدِّلُ يَا مُذَلِّلُ |
| اے جدا کرنے والے، اے تبدیل کرنے والے، اے پست کرنیوالے |
| يَا مُنَزِّلُ يَا مُنَوِّلُ |
| اے اتارنے والے، اے عطا کرنے والے |
| يَا مُفْضِلُ يَا مُجْزِلُ يَا مُمْهِلُ |
| اے نعمت دینے والے، اے احسان کرنیوالے، اے مہلت دینے والے |
| يَا مُجْمِلُ سُبْحَانَكَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ |
| اے نیکوکار۔تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں |
| اَلْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
| فریاد سن فریاد سن ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار |

| |
|---|
| يَا مَنْ يَرىٰ وَلا يُرىٰ يَا مَنْ يَخْلُقُ وَلا يُخْلَقُ |
| اے وہ جو دیکھتا ہے خود نظر نہیں آتا، اے وہ جو خلق کرتا ہے اور خلق نہیں ہوا |
| يَا مَنْ يَهْدِي وَلا يُهْدىٰ يَا مَنْ يُحْيِي وَلا يُحْيىٰ |
| اے وہ جو ہدایت دیتا ہے اور ہدایت طلب نہیں کرتا، اے وہ جو زندہ کرتا ہے اور زندہ نہیں کیا گیا |
| يَا مَنْ يَسْأَلُ وَلا يُسْأَلُ يَا مَنْ يُطْعِمُ وَلا يُطْعَمُ |
| اے وہ جو مسئول ہے اور سائل نہیں، اے وہ جو کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں |
| يَا مَنْ يُجِيرُ وَلا يُجَارُ عَلَيْهِ يَا مَنْ يَقْضِي وَلا يُقْضىٰ عَلَيْهِ |
| اے وہ جو پناہ دیتا ہے اور محتاجِ پناہ نہیں ہے، اے وہ جو فیصلے کرتا ہے اور طالبِ فیصلہ نہیں ہے |
| يَا مَنْ يَحْكُمُ وَلا يُحْكَمُ عَلَيْهِ يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً أَحَدٌ |
| اے وہ جو حکم دیتا ہے اور اس پر کسی کا حکم نہیں، اے وہ جسکا کوئی بیٹا نہیں نہ وہ کسی کا بیٹا ہے اور نہ کوئی اسکا ہمسر ہے۔ |
| سُبْحَانَكَ يَا لا إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا رَبِّ. |
